بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا الآخذ بالحجزات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کولہوں سے پکڑ کر دوزخ سے روکنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثلی و مثلکم کمثل رجل او قد نارًا فجعل الجنادب و الفراش یقعن فیھا و ھو یذبھن عنھا و انا أخذ بحجزکم عن النار و انتم تفلتون من یدی۔

(الصحیح لمسلم الجلد الثانی ص ۲۴۸)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اور تمہاری مثال اُس شخص کی سی ہے، جس نے آگ جلائی۔ ٹڈی اور پتنگے اس میں گرنے لگے اور وہ ان کو روکنے لگا اور مَیں بھی نارِ جہنم سے تمہارے کولہوں کو تھامنے والا ہوں مگر تم میرے ہاتھ سے نکلے جاتے ہو۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط